Urdu

فیملی اور گھریلو تشدد سے متعلق مالی تعاون کا پروگرام

Australian Red Cross
the power of humanity



آسٹریلین ریڈکراس کا فیملی اور گھریلو تشدد (FDV) سے متعلق مالی تعاون کا پروگرام اب ان افراد کے لئے کھُلا ہے جو مدد اور خدمت فراہم کرنے والے اداروں کے لئے ریفرل کی تلاش کررہے ہیں۔

یہ پروگرام ان سب لوگوں کے لئے دستیاب ہے جو عارضی ویزے پر یا غیریقینی ویزا اسٹیٹس سے دوچار ہیں، فیملی اور گھریلو تشدد کا سامنا کررہے ہیں، یا ان کو مالی مدد کی ضرورت ہے

کیا یہ پروگرام میری مدد کرسکتاہے؟

یہ پروگرام ان لوگوں کی مدد کرسکتا ہے جو:

- آسٹریلین شہری یا مستقل رہائشی **نہیں**، اور
- فیملی اور گھریلو تشدد کا سامنا کررہے ہیں یا ان کو سامنا کرنے کا خطرہ ہے، اور
- ان کو مالی مدد کی ضرورت ہے۔

مجھے کس طرح کی مدد مل سکتی ہے؟

فراہم کردہ مدد میں یہ شامل ہوسکتے ہیں:

- مالی امداد
- دوسرے اداروں کے لئے سفارش
- کیس ورک کے سلسلے میں مدد (۳ ماہ تک)

ادائیگی کرنے میں ہماری مدد کرنے کے لئے، آپ کو مندرجہ ذیل چیزیں فراہم کرنے کو کہاجائے گا:

- ویزے کی حیثیت جیسے آپ کا پاسپورٹ نمبر یا ایمی کارڈ (ImmiCard) نمبر۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے یا آپ کا کوئی ویزا نہیں ہے، تو آپ تب بھی درخواست دے سکتے ہیں، اور ریڈکراس آپ کی صورتحال پر گفتگو کرنے کےلئے آپ کو فون کرے گا۔
- بینک دستاویزات جیسے بینک اسٹیٹمنٹ۔ اگر آپ کے پاس اپنے نام پر کوئی بینک اکاونٹ نہیں ہے جس تک آپ کی محفوظ رسائی ممکن ہو، تو آپ تب بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا میری ذاتی معلومات محفوظ رہے گی؟

- ریڈکراس حکومت کے ساتھ آپ کی ذاتی یا ویزے کی معلومات کو شریک نہیں کرتا ہے۔ ریڈکراس کے ساتھ آپ کا رابطہ رازدارانہ نوعیت کا ہے۔ جو معلومات آپ اپنی درخواست کے ساتھ فراہم کرتے ہیں، ہم اس کو ہمیشہ محفوظ رکھتے ہیں۔
- براہ کرم، ایمیل کے ذریعے اپنی ذاتی معلومات والی دستاویزات مت بھیجیں۔

مجھے درخواست دینے میں مدد کی ضرورت ہے

- اگر آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے تاکہ وہ آپ کی مدد کرے، اس نمبر پر 450 131 (TIS) سے رابطہ کرے، اپنی پسندیدہ زبان کا نام بتاتے ہوئے ان سے 276 733 1800 پر رابطہ کروانے کو کہیں۔
- اگر آپ کو درخواست دینے میں مدد کی ضرورت ہے اور آپ کے پاس کوئی ایسا نہیں ہے جو آپ کی مدد کرسکے، تو 276 733 1800 پر یا مندرجہ ذیل ایمیل کے ذریعے، ریڈکراس سے رابطہ کریں۔
nat_fdv_pilot@redcross.org.au

مزید معلومات کے لئے، مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں۔

www.redcross.org.au/familyviolencerelief